# پری فزیبلیٹی تحقیق

( سیڈ پروسیسنگ یونٹ )

سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا)

وزارت صنعت و پیداوار

حکومت پاکستان

www.smeda.org.pk

**ہیڈ آفس**

فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر 3، ایوانِ اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور۔

فون 456 111 111 42 92

فیکس 7-36304926 42 92

helpdesk@smeda.org.pk

ستمبر 2014

**ریجنل آفس پنجاب**
بلڈنگ نمبر 3، فلور:3، ایوان اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور
ٹیلی فون: 456-111-111 (042)
فیکس نمبر: 7-36304926(0423)
helpdesk.punjab@smeda.org.pk

**ریجنل آفس سندھ**
بحریہ کمپلیکس 2، فلور 5، ایم ٹی خان روڈ، کراچی
ٹیلی فون: 456-111-111 (021)
فیکس نمبر: 35610572 (021)
helpdesk-khi@smeda.org.pk

**ریجنل آفس خیبر پختونخوا**
دی مال، گراؤنڈ فلور، پشاور
ٹیلی فون: 47-9213046 (091)
فیکس نمبر: 286908 (091)
helpdesk-pew@smeda.org.pk

**ریجنل آفس بلوچستان**
**بنگلو نمبر:** 15-A چمن ہاؤس سکیم، ایئرپورٹ روڈ، کوئٹہ
ٹیلی فون: 2831623, 2831702 (081)
فیکس نمبر: 2831922 (081)
helpdesk-qta@smeda.org.pk

| نمبر شمار | فہرست عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | اظہار لاتعلقی | 3 |
| 2 | اجمالی جائزہ | 3 |
| 3 | سمیڈا کا تعارف | 4 |
| 4 | دستاویز کا مقصد | 4 |
| 5 | کاروبارومصنوعات کا مختصر بیان | 4 |
| 5.1 | پیداواری عمل | 5 |
| 5.2 | ابتدائی وعملی استعداد | 6 |
| 6 | انتہائی قابل توجہ امور | 6 |
| 7 | جغرافیائی لحاظ سے سرمایہ کاری کے مواقع | 7 |
| 8 | متوقع منڈیاں | 7 |
| 9 | منصوبہ کی کل لاگت کا خلاصہ | 7 |
| 9.1 | معاشی کیفیت | 7 |
| 9.2 | درکار سرمایہ | 8 |
| 9.3 | کل لاگت کاروبار | 8 |
| 9.4 | درکار مشینری اور آلات | 9 |
| 9.5 | دفتری ساز وسامان | 9 |
| 9.6 | فرنیچر اور فکسچر ز | 10 |
| 9.7 | درکار زمین | 10 |
| 9.8 | درکار خام مال | 10 |
| 9.9 | درکار افرادی قوت | 11 |
| 9.10 | متفرق لاگتیں | 12 |
| 9.11 | آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار | 12 |
| 10 | لازمی قواعد وضوابط اور رجسٹریشن | 12 |
| 11 | ماہرین ومشیران | 13 |
| 11.1 | مشینری کے سپلائرز | 13 |
| 11.2 | خام مال سپلائرز | 13 |
| 12 | کارآمد روابط | 13 |
| 13 | ضمیمہ جات | 15 |
| 13.1 | آمدن کا گوشوارہ (انکم سٹیٹمنٹ) | 15 |
| 13.2 | اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) | 16 |
| 13.3 | گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو) | 17 |
| 14 | کلیدی مفروضے | 18 |
| 14.1 | روزمرہ کے اخراجات کا مفروضہ | 18 |
| 14.2 | معاشی مفروضات | 18 |
| 14.3 | آمدن کے مفروضات | 19 |
| 14.4 | مالیاتی مفروضات | 19 |

## 1۔ اظہارِلاتعلقی (DISCLAIMER)

یہ معلوماتی مواد اس کاروبار کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کی نیت سے شائع کیا گیا ہے۔ اگر چہ اس مواد کے لئے مختلف قابل اعتماد ذرائع سے معلومات لی گئی ہیں۔ البتہ اس میں کئی مفروضات بھی ہیں جو مختلف حالات میں مختلف نتائج دے سکتے ہیں۔ یہ معلومات ''جو ہے، جیسے ہے'' کی بنیاد پر دی گئی ہیں سمیڈا، اس کے ملازمین یا عہدیداران معلومات کی صحت کے ذمہ دار نہیں ہیں۔ البتہ اس کام کو سرانجام دیتے ہوئے ہر ممکن احتیاط برتی گئی ہے۔

اضافی معلومات حاصل کرنے کے لئے ممکنہ سرمایہ کار کی حوصلہ افزائی کی جائے گی جو کہ فیصلہ سازی کے عمل میں ضروری ہے۔ ممکنہ سرمایہ کار کو دی گئی معلومات پر عمل کرنے سے قبل مستند مشاورت کار یا ماہرین سے پیشہ ورانہ مشورہ کرنے کی بھی ضرورت ہے۔

اس کاروبار سے متعلق تفصیلی رپورٹ SMEDA نے تیار کی ہے۔ SMEDA کی طرف سے خدمات اور متعلقہ معلومات کے حصول کے لئے SMEDA کی ویب سائٹ www.smeda.org.pk پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

دستاویز

| | |
|---|---|
| دستاویز نمبر | پری فزیبلٹی نمبر 44 |
| دوہرائی | نمبر 3 |
| تیار کردہ | سمیڈا پنجاب |
| تاریخ دوہرائی | ستمبر 2014ء |
| مزید معلومات | پراونشل چیف پنجاب<br>janjua@smeda.org.pk |

## 2۔ اجمالی جائزہ (EXECUTIVE SUMMARY)

زراعت سیکٹر کی پاکستان کی کل آمدنی (GDP) میں شراکت 24 فیصد ہے تاہم پاکستان میں آبادی میں بڑے پیمانے پر اضافے نے زراعت سیکٹر پر بہت زیادہ بوجھ ڈال دیا ہے اور اس کی پیداواری صلاحیت موجودہ خوراک کی ضروریات کو پورا نہیں کر سکتی۔ اس مسئلے کا حل اعلیٰ پیداواری صلاحیت کے حامل مزاحم بیماری اور تیزی سے اُگنے والے فصل کے بیج ہیں جن سے فصل کی پیداوار میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ یہ مخصوص پری فزیبلٹی تحقیق پاکستان کے سیڈ پراسیسنگ یونٹ میں ممکنہ سرمایہ کاری کے مختلف پہلوؤں کے متعلق بنیادی معلومات فراہم کرتی ہے۔

مجوزہ سیڈ پراسیسنگ یونٹ گندم اور چاول کے بیج بنانے والی ایک درمیانے درجے کی پراسیسنگ کی سہولت ہے۔ اس کاروباری منصوبے میں منظور شدہ بیج پراسس کئے جائیں گے اور مقامی مارکیٹ میں فروخت کئے جائیں گے۔ یہ منصوبہ پنجاب اور سندھ کے بیشتر دیہاتی، چھوٹے شہری علاقوں اور خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے کچھ حصوں میں با آسانی شروع کیا جا سکتا ہے۔ اس پری فزیبلٹی تحقیق کے اعداد و شمار کے مطابق مجوزہ سیڈ پراسیسنگ یونٹ کی پیداواری صلاحیت موسمی بنیاد پر (گندم اور چاول کے بیج) 3 ٹن فی گھنٹہ کے حساب سے ہوگی۔ پیداواری صلاحیت کا یہ اندازہ اقتصادی طور پر قابل عمل ہے اور منصوبے کی مستقل اور اخراجاتی لاگت کے تمام تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔ لہٰذا مجوزہ کاروبار کو شروع کرنے والے شخص کا تکنیکی علم اور تجربے کا حامل ہونا نہایت اہم ہے۔

مجوزہ سیڈ پراسیسنگ یونٹ کی کل لاگت کا تخمینہ 21.20 ملین روپے ہے جس میں 15.73 ملین مستقل لاگت ہے اور 5.48 ملین گردشی سرمایہ شامل ہے۔ مجوزہ کاروبار کی کل لاگت کا 50 فیصد قرض سے فراہم کیا جائے گا اور 50 فیصد ذاتی سرمایہ سے لگایا جائے گا۔ اس پراجیکٹ کی NPV تقریباً 20.85 ملین ہوگی جبکہ آئی آر آر (IRR) 34 فیصد اور سرمائے کی واپسی کا دورانیہ 3.99 سال ہے۔ کاروباری منصوبہ 10 افراد کو روزگار کے مواقع فراہم کرے گا جس میں آنر (مالک) شامل ہے۔ اس منصوبے کی قانونی حیثیت فرد واحد تجویز کی جاتی ہے۔

## 3۔ سمیڈا کا تعارف (INTRODUCTION TO SMEDA)

سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (SMEDA) کا قیام اکتوبر 1998ء میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ کے ذریعے معیشت کو مضبوط بنانے کی خاطر عمل میں لایا گیا۔

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ، ان کی تعداد اور استعداد میں اضافے کے ذریعے سے قومی آمدنی کو بہتر بنانے کے لئے سمیڈا نے شعبہ جاتی تحقیق کا کام کیا ہے جس میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کا تعارف، ان کا طریقہ کار، سرمائے کے حصول کے مواقع، کاروبار جمانے کے لئے معلومات، منڈیوں اور صارفین تک رسائی و فراہمی، تکنیکی پلان مہیا کرنے، ادارہ جاتی تعاون اور نیٹ ورک کے ذریعے رابطہ شامل ہیں۔

## 4۔ دستاویز کا مقصد (PURPOSE OF THE DOCUMENT)

کاروبار کے ممکنہ امکانات کی تحقیق کا مقصد بنیادی طور پر اپنا کاروبار شروع کرنے والوں کے لئے سرمایہ کاری کے مناسب شعبوں کی نشاندہی ہے۔ اس پراجیکٹ کی پری فزیبلٹی کے ذریعے کسی کاروباری تصور کی وضاحت، اس کے آغاز، تکمیل اور متوقع منافع کے حصول کے لئے مناسب اور ضروری امور کی وضاحت اور احتیاطوں سے باخبر کرنا ہے۔

زیرِ نظر دستاویز میں فریش فروٹ پراسیسنگ یونٹ قائم کرنے والوں کے لئے اس کاروبار کی اجمالی معلومات مہیا کی گئی ہیں تاکہ وہ سرمایہ کاری میں نازک فیصلے کرتے ہوئے درست اقدامات کر سکیں۔

کاروبار کی ایسی اقسام بھی ہیں جہاں پر لکھت پڑھت بہت کم یا بالکل نہیں ہوتی، عام طور سے لکھی ہوئی ہدایات بھی میسر نہیں ہیں۔ لہٰذا اس کام کے آغاز کے لئے زیادہ تحقیق کرنی پڑتی ہے۔ اس دستاویز میں یہی کاوش کی گئی ہے کہ ایسے کاروبار جن کا دارومدار چند خاص اصولوں کی پاسداری پر ہوتا ہے جیسے کہ موجودہ کامیاب کاروباریوں کی عادات کو اپنانا اور ان کاروباری امور کا خیال رکھنا جو ایک کامیاب کاروبار کرنے کے لئے غیر تحریری قانون کی سی حیثیت رکھتے ہیں۔

اس معلوماتی مواد کے بغور مطالعے کے ساتھ ساتھ قاری کو بعد ازاں فراہم کی جانے والی ان تنقیدی معلومات پر بھی نظر رکھنی چاہیے جو کسی بھی کاروباری سرمایہ کاری کی بنیاد ہیں۔

## 5۔ کاروبار و منصوبے کا مختصر بیان (BRIEF DESCRIPTION OF PROJECT)

گندم اور چاول آبادی کی کثیر تعداد کے بنیادی غذائی جزو ہونے کی وجہ سے پاکستان کے اہم غذائی اجناس کے طور پر پہچانے جاتے ہیں۔ یہ پری فزیبلٹی تحقیق ضرب کے عمل سے گندم اور چاول کے بیج بنانے والے سیڈ پراسیسنگ یونٹ کو قائم کرنے کیلئے بنیادی معلومات فراہم کرتی ہے۔ ضرب کے عمل سے مراد منتخب رجسٹر شدہ کاشتکاروں کو مصدقہ بیج کی فراہمی کو فروغ دینا ہے، جن سے گندم اور چاول کی فصل خریدی جائے گی۔ اس مخصوص کاروباری منصوبے میں بنیادی بیج حکومت پاکستان کے منظور شدہ اور تصدیق شدہ سیڈ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ اور سیڈ کارپوریشن سے حاصل کئے جائیں گے۔

فی الحال ملک میں منظور شدہ اور تصدیق شدہ بیج کی قلت پائی جاتی ہے۔ تجویز کردہ منصوبہ اس خلا کو پُر کرنے میں معاون ثابت ہوگا اور مقامی حالات کے مطابق بوائی کے لئے گندم اور چاول کے معیاری بیج فراہم کرے گا۔ اسی طرح، زرعی مارکیٹ میں معیاری بیج کے ممکنہ مواقع زیادہ ہونے کی وجہ سے اس کاروبار میں سرمایہ کاری منافع بخش تصور کی جا سکتی ہے۔ بیج کی پراسیسنگ میں اس کی صفائی، گریڈنگ، ٹریٹنگ، پیکنگ اور ذخیرہ کرنے کے عمل شامل ہیں۔

پراسیسنگ کے عمل سے مراد بیج سے مختلف آلودگیوں مثلاً کم سائز اور سکڑ ے والے اناج اور دوسری فصل کے بیج کو علیحدہ کر کے بہتر ظاہری حالت اور صحت مند بیج بنا کر ان کی قدر و قیمت میں اضافہ ہونا ہے۔ مجوزہ پراجیکٹ کو زیادہ سے زیادہ 3 ٹن بیج فی گھنٹہ پیدا کرنے کیلئے تشکیل دیا گیا ہے اور یہ بالواسطہ طور پر 10 افراد کو روزگار فراہم کرے گا جبکہ موسمی بنیادوں پر بیج چننے اور پیک کرنے والے افراد کی بھی ضرورت ہوگی۔ اس منصوبے کا قیام ذاتی خریدی ہوئے تقریباً 4 کنال کے رقبے پر تجویز کیا جاتا ہے جو ترجیحاً ایسی جگہ پر واقع ہو، جہاں

پر کاشتکاروں کو دیہی اور چھوٹے شہری علاقوں کی اناج اور زرعی مارکیٹوں تک آسانی سے رسائی حاصل ہو۔

اس منصوبے کی کل لاگت 21.20 ملین روپے فرض کی گئی ہے۔ سیڈ پراسیسنگ یونٹ قائم کرنے کیلئے جن اخراجات کی ضرورت ہے وہ تمام منصوبے کی مستقل لاگت میں شامل کئے گئے ہیں۔

## 5.1۔ پیداواری عمل (PRODUCTION PROCESS FLOW)

مجوزہ سیڈ پراسیسنگ یونٹ کے پیداواری عمل میں مندرجہ ذیل مراحل شامل ہیں۔

بنیادی بیج

منظور شدہ/تصدیق شدہ بیج Seed Corporation اور دوسرے اداروں سے حاصل کئے جائیں گے۔

بیج کا ضربی عمل

☆...... منتخب کاشتکاروں میں بنیادی بیج کی تقسیم

☆...... کاشتکار بیج کو کنٹرولڈ ماحول میں بوئیں گے اور اس سے فصل حاصل کریں گے۔

☆...... ان کھیتوں سے حاصل کردہ پیداوار کاروباری حضرات پراسیسنگ کیلئے خریدیں گے۔

**سیڈ پراسیسنگ**

☆...... **خشک کرنے کا عمل (Drying)**

عام طور پر بوائی کے وقت بیج میں بہت زیادہ نمی کی مقدار ہوتی ہے جو کہ اوسطاً 16 فیصد سے زیادہ ہوتی ہے۔ نمی کے ان منفی اثرات سے بچنے کیلئے بیج کو سکھانا پڑتا ہے اور نمی کے اثرات کو 8 سے 12 فیصد تک کم کرنا پڑتا ہے۔ اگر بیج کا ذخیرہ نمی کی زیادہ مقدار پر کیا جائے تو اس کی اُگنے کی صلاحیت بہت جلد ختم ہو جاتی ہے اور یہ کیڑوں اور بیماریوں سے متاثر ہوتا ہے۔

☆...... **صفائی (Cleaning)**

غیر خالص اجناس جیسا کہ گھاس پھونس نابالغ اور متاثرہ بیج اور دوسری فصلوں کے بیج کو علیحدہ کرنا۔

☆...... **گریڈنگ (Grading)**

بیج کی لمبائی اور کشش ثقل کو علیحدہ کرنا۔

☆...... **ٹریٹنگ (Treating)**

Fungicide اور رنگ کا استعمال بیج کو فنگس اور مٹی سے متعلقہ بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے کیا جاتا ہے۔ رنگ کا استعمال بیج کو مناسب شکل بھی دیتا ہے اور وہ اس بات کو بھی ثابت کرتا ہے کہ اس کی جانچ پڑتال بھی کر لی گئی ہے اور اس کی بھی تصدیق کرتا ہے کہ تمام بیجوں کے لئے یکساں لائحہ عمل اختیار کیا گیا ہے۔

☆...... **پیکنگ (PAKING)**

پراسسڈ بیج کو تھیلوں میں پیک کر دیا جاتا ہے۔

☆...... **سیلز اینڈ ڈسٹری بیوشن (Sales and Distribution)**

بیج کو براہ راست کاشتکاروں، سیڈ ڈیلرز، ڈسٹری بیوٹرز اور ریٹیلرز کو فروخت کیا جاتا ہے۔

## 5.2۔ ابتدائی اور عملی استعداد (INSTALLED AND OPERATIONAL CAPACITIES)

مجوزہ سیڈ پراسیسنگ یونٹ کی زیادہ سے زیادہ پیداواری صلاحیت 3 ٹن فی گھنٹہ ہوگی۔ چاول اور گندم موسمی فصلیں ہونے کی وجہ سے مجوزہ پراسیسنگ یونٹ سیزن کی بنیاد پر بیج پراسس کرے گا۔ یہ فرض کیا گیا ہے کہ پراسیسنگ یونٹ 100 فیصد پیداواری صلاحیت کے ساتھ 2,880 ٹن گندم اور 2,160 ٹن چاول سالانہ فی سیزن پراسس کرے گا۔ تاہم مجوزہ یونٹ کی پیداواری صلاحیت پہلے سال 60 فیصد فرض کی گئی ہے جو 1,728 ٹن گندم اور 1,296 ٹن چاول کے بیج فروخت کیلئے پراسس کرے گا۔ پیداواری صلاحیت میں اضافے کی شرح 5 فیصد فرض کی گئی ہے جبکہ زیادہ سے زیادہ پیداواری صلاحیت (95 فیصد) مصنوبے کے پیداوار کے 8 ویں سال حاصل کی جائے گی۔ یہ پیداواری صلاحیت اقتصادی لحاظ سے قابل عمل ہے اور منصوبے کی مستقل اخراجاتی لاگت کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے۔ بیج کی کل تعداد میں 5 فیصد کا ضیاع ہوگا۔ پراڈکٹ مکس کے لحاظ سے عملی اور ابتدائی استعداد کی تفصیلات مندرجہ ذیل جدول میں دی گئی ہیں:

**جدول نمبر 1: ابتدائی اور عملی استعداد**

| مندرجات | پرسیسنگ سیزن | پیداواری صلاحیت (فی گھنٹہ) | پیداواری صلاحیت فی سیزن (سالانہ) | پیداواری گنجائش 60 فیصد (1 سال) | زیادہ سے زیادہ پیداواری گنجائش 95 فیصد (8 سال) |
|---|---|---|---|---|---|
| گندم کے بیج | اگست سے نومبر (120 دن) | 3 | 2,880 | 1,728 | 2,736 |
| چاول کے بیج | فروری سے اپریل (90 دن) | 3 | 2,160 | 1,296 | 2,052 |
| ٹوٹل | 210 دن | | 5,040 | 3,024 | 4,788 |

## 6۔ انتہائی قابل توجہ امور (CRITICAL FACTORS)

اس کاروباری منصوبے کی کامیابی کیلئے اہم نکات مندرجہ ذیل ہیں:

☆......بہترین زرعی طریقوں سے مکمل شناسائی اس منصوبے کی کامیابی کیلئے نہایت اہم ہے۔ تاہم کاروباری شخص کے پاس تکنیکی علم اور تجربہ ہونا نہایت ضروری ہے۔

☆......کاشت کردہ فصل سے حاصل کئے جانے والے بیج میں اندرونی عمل اور بیماری اور کیڑوں سے ہونے والے نقصان کو کم کرنے کے لئے محفوظ نمی کی مقدار کے درجے تک خشک کیا جائے۔

☆......اعلیٰ معیار کے منظور شدہ/ تصدیق شدہ بیج کا مناسب قیمتوں پر حصول

☆......تمام بیج پیدا کرنے والے پودوں میں اندرونی کوالٹی کنٹرول کا نظام کو موجود ہونا چاہیے۔ مختلف پراسیسنگ مشینوں کی کارکردگی کی نگرانی اور بیج کے معیار کا پراسیسنگ کے عمل سے پہلے اور بعد میں جائزہ لینے کے لئے لیبارٹریز کا ہونا اہم ہے۔

☆......بیج کی صفائی، گریڈنگ، ٹریٹنگ، ذخیرے اور نقل وحمل کے لئے مناسب انتظامات۔

☆......تربیت یافتہ عملہ اور اس کی تعمیر وتربیت کے لئے وسیع تربیتی پروگرام کا وضع کرنا۔

## 7۔ جغرافیائی لحاظ سے سرمایہ کاری کے مواقع

موجودہ زرعی اطوار اور موسمی حالات کے مطابق یہ منصوبہ پنجاب اور سندھ اور کے پی کے (KPK) اور بلوچستان کے کچھ حصوں میں دیہی اور چھوٹے شہری علاقوں میں آسانی سے شروع کیا جاسکتا ہے۔ پاکستان میں گندم اور چاول کی کاشت کیلئے چند موزوں علاقے مندرجہ ذیل ہیں:

ساہیوال، اوکاڑہ، گوجرانوالہ، گجرات، نارووال، سیالکوٹ، رحیم یارخان، فیصل آباد، ٹوبہ ٹیک سنگھ، سوات، ترناب، مردان، خیرآباد، میرپور خاص، چنیوٹ، سانگھڑ، نوشہرہ وغیرہ

## 8۔ متوقع منڈیاں (POTENTIAL TARGET MARKETS / CITIES)

پراسس کئے ہوئے بیج کے ممکنہ گاہک گندم اور چاول کے کاشتکار ہوں گے۔ تجویز کردہ یونٹ پاکستان کے مذکورہ بالا مقامات پر قائم کیا جانا چاہیے۔ تاہم اس چیز کو یقینی بنایا جائے کہ ایسے علاقے میں قائم کیا جائے جہاں پر اوپر دیئے گئے اضلاع کے کاشتکاروں کو مقامی اناج اور زرعی مصنوعات کی منڈیوں تک باآسانی رسائی حاصل ہو۔

## 9۔ منصوبہ کی کل لاگت کا خلاصہ (PROJECT COST SUMMARY)

متفرق لاگتوں اور متوقع آمدنی سے متعلقہ مفروضات، تجزیئے کے نتائج کے ساتھ اس سیکشن میں بیان کئے گئے ہیں۔ مجوزہ کاروبار کی کاروباری عمل پذیری کو جانچنے کیلئے ایک تفصیلی مالیاتی ماڈل ترتیب دیا گیا ہے۔ اخراجات اور آمدنی سے تعلق رکھنے والے مفروضہ جات، ان کے نتائج اور تجزیئے کے ساتھ مہیا کئے گئے ہیں۔

اس کاروبار کے متوقع آمدن کا گوشوارہ (انکم سٹیٹمنٹ)، گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو سٹیٹمنٹ) اور نفع ونقصان کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) ضمیمہ جات کے طور پر لف کی گئی ہیں۔

### 9.1۔ معاشی کیفیت (PROJECT ECONOMICS)

اس مالیاتی ماڈل میں تمام مفروضات کی بنیاد 3 ٹن بیج فی گھنٹہ کی پراسیسنگ کی پیداواری صلاحیت موسمی حالات کے مطابق فرض کئے گئے ہیں جبکہ یہ فرض کیا گیا ہے کہ یہ منصوبہ پہلے سال میں 60 فیصد پیداواری صلاحیت بروئے کار لائے گا اور 1,725 ٹن گندم اور 1,296 ٹن چاول کے بیج پراسس کرے گا۔ کل پراسس کردہ بیج میں سے 5 فیصد ضائع ہوگا اور باقی 95 فیصد فروخت کئے جائیں گے۔ مندرجہ ذیل جدول میں اندرونی شرح منافع (انٹرنل ریٹ آف ریٹرن IRR)، کل لاگت کی مدت واپسی (پے بیک پیریڈ Pay back period) اور موجودہ قدر حاصل NPV کی تفصیل دی گئی ہے۔

**جدول نمبر 2: معاشی کیفیت**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| اندرونی شرح منافع (IRR) | 34 فیصد |
| کل لاگت کی مدت واپسی (Payback Period) | 3.99 سال |
| موجودہ قدر حاصل (NPV) | 20,850,820 روپے |

## 9.2۔ درکار سرمایہ (PROJECT FINANCING)

درکار ذاتی سرمائے اور بینک کے قرضے کی تفصیل ذیل میں دی گئی ہے:

**جدول نمبر 3: درکار سرمایہ**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| ذاتی سرمایہ (50 فیصد) | 10,602,099 روپے |
| بینک کا قرضہ (50 فیصد) | 10,602,099 روپے |
| بینک کے قرضے پر شرح منافع (سالانہ) (طویل المدتی) | 16 فیصد |
| قرضہ کی مدت | 5 سال |

## 9.3۔ کل لاگت کاروبار (PROJECT COST)

تجویز کردہ کاروبار کو چلانے کیلئے مندرجہ ذیل مستقل اور گردشی سرمائے کی ضرورت ہوگی:

**جدول نمبر 4: کل لاگت کاروبار**

| مندرجات | رقم (روپے) |
|---|---|
| **مستقل لاگت** | |
| زمین | 2,000,000 |
| بلڈنگ/انفراسٹرکچر | 8,840,000 |
| پلانٹ/مشینری وغیرہ | 3,425,000 |
| فرنیچر اور فکسچرز | 132,000 |
| دفتر کی گاڑی | 788,550 |
| دفتری ساز و سامان | 64,500 |
| قبل از پیداوار لاگت | 428,765 |
| تربیتی لاگت | 50,000 |
| **کل مستقل لاگت** | **15,728,815** |
| **گردشی سرمایہ** | |
| ایکوپمنٹ سپیئر پارٹس انوینٹری | 3,019 |
| خام مال انوینٹری | 4,709,250 |
| نقد رقم | 763,115 |
| **کل گردشی سرمایہ** | **5,475,384** |
| **کل لاگت کاروبار** | **21,204,199** |

## 9.4۔ درکار مشینری اور آلات (MACHINERY AND EQUIPMENT REQUIREMENT)

مندرجہ ذیل جدول سیڈ پراسیسنگ یونٹ کیلئے درکار مشینری کے متعلق معلومات فراہم کرتا ہے:

**جدول نمبر 5: درکار مشینری اور آلات**

| مندرجات | تعداد | لاگت فی یونٹ (روپے) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| پری کلینگ سسٹم | 1 | 425,000 | 425,000 |
| گریوٹی سپریٹنگ سسٹم | 1 | 300,000 | 300,000 |
| لمبائی کے حساب سے چھانٹی کرنے والا آلہ (لینتھ گریڈر) | 1 | 225,000 | 225,000 |
| ایلیویٹر | 4 | 125,000 | 500,000 |
| روٹری ڈرائر پلانٹ | 1 | 800,000 | 800,000 |
| ٹریٹر پلانٹ آئرن | 1 | 450,000 | 450,000 |
| جنریٹر (10 کے وی اے) | 1 | 275,000 | 275,000 |
| لیبارٹری کے آلات | 1 | 350,000 | 350,000 |
| سیفٹی ایکوپمنٹ | 1 | 100,000 | 100,000 |
| **ٹوٹل** | **1** | | **3,425,000** |

## 9.5۔ دفتری سازوسامان ( OFFICE EQUIPMENT)

مندرجہ ذیل جدول میں اس کاروبار کو چلانے کیلئے دفتری سازوسامان کی تفصیل درج کی گئی ہے:

**جدول نمبر 6: دفتری سازوسامان**

| مندرجات | تعداد | لاگت فی یونٹ (روپے) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| کمپیوٹر | 1 | 30,000 | 30,000 |
| پرنٹر | 1 | 15,000 | 15,000 |
| ٹیلی فون کنکشن سیٹ | 2 | 3,500 | 7,000 |
| چھت والے پنکھے | 5 | 2,500 | 12,500 |
| **ٹوٹل** | | | **64,500** |

## 9.6۔ فرنیچر اور فکسچر ز (FURNITUER AND FIXTURE REQUIREMENT)

سیڈ پراسیسنگ یونٹ کے کاروبار کیلئے درج ذیل جدول میں دیئے گئے فرنیچر اور فکسچر ز کی ضرورت ہوگی:

**جدول نمبر 7: فرنیچر ز اور فکسچر ز**

| مندرجات | تعداد | لاگت فی کس (روپے) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| کرسیاں | 10 | 3,500 | 35,000 |
| میزیں | 5 | 8,000 | 40,000 |
| سٹول | 4 | 500 | 2,000 |
| لائٹنگ | 1 | 10,000 | 10,000 |
| ایئر کنڈیشنر | 1 | 45,000 | 45,000 |
| **ٹوٹل** | | | **132,000** |

## 9.7۔ درکار زمین (SPACE REQUIREMENT)

مجوزہ سیڈ پراسیسنگ یونٹ کے قیام کیلئے تقریباً 4 کنال کا درقبہ درکار ہوگا اور یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ درکار رقبہ شناخت کردہ ممکنہ بڑے شہروں کے دیہی یا چھوٹے شہروں کے علاقے میں جہاں اناج اور زرعی مصنوعات کی منڈیاں موجود ہوں، وہاں حاصل کیا جائے۔ زمین کی لاگت کا تخمینہ 0.5 ملین روپے فی کنال کے حساب سے کیا گیا ہے۔ تاہم درکار زمین کی کل لاگت 2 ملین روپے ہے۔ اس پراجیکٹ کے بنیادی عمارتی ڈھانچے میں پروڈکشن ہال، دفتر اور دوسری سہولیات کی تعمیر شامل ہیں۔ تجویز کردہ یونٹ کے لئے عمارت کی تعمیر کی لاگت مندرجہ ذیل جدول میں دی گئی ہے:

**جدول نمبر 8: درکار زمین**

| مندرجات | درکار جگہ (مربع فٹ) | قیمت فی یونٹ (روپے) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| پروڈکشن ہال | 3,200 | 800 | 2,560,000 |
| سٹور | 4,800 | 800 | 3,840,000 |
| دفتر | 360 | 1,200 | 432,000 |
| سکیورٹی روم | 80 | 1,200 | 96,000 |
| کھلی جگہ | 9,560 | 200 | 1,912,000 |
| **ٹوٹل** | **18,000** | | **8,840,000** |

## 9.8۔ درکار خام مال (RAW MATERIAL REQUIREMENTS)

مجوزہ کاروبار میں گندم اور چاول کے بیج بنیادی خام مال کے طور پر درکار ہیں جو کہ سیڈ کارپوریشن یا دوسرے تصدیق شدہ اداروں سے حاصل کئے جائیں گے۔ اس کے بعد بنیادی بیج کنٹرولڈ ماحول یا انوائرمنٹ میں مختلف کھیتوں میں کاشت کئے جائیں گے اور ضرب کے عمل سے پیدا ہونے والے بیجوں سے پراسیسنگ کے ذریعے منظور شدہ بیج پیدا کئے جائیں گے۔ منظور شدہ بیج اس یونٹ کے حتمی مصنوعات ہیں جو کہ بعد میں مارکیٹوں میں اعلیٰ پیداوار حاصل کرنے والی فصلوں کو کاشت کرنے کے لئے منڈیوں میں فروخت کئے جائیں گے۔ مجوزہ پلانٹ کے ابتدائی اور عملی استعداد کے تخمینے کو مدنظر رکھتے ہوئے مندرجہ ذیل جدول درکار گندم اور چاول کے بیج بطور خام مال فی سیزن کی تفصیلات مہیا کرتا ہے۔

جدول نمبر 9 درکار خام مال (پیداوار کے پہلے سال)

| مندرجات | پہلے سال کی پیداوار (ٹن میں) 60 @ فیصد | لاگت یونٹ (روپے) | کل لاگت |
|---|---|---|---|
| گندم کے بیج | 1,728 | 32,000 | 55,296,000 |
| انوینٹری میں موجود اشیاء | (72) | | (2,304,000) |
| چاول کے بیج | 1,296 | 42,500 | 55,080,000 |
| انوینٹری میں موجود اشیاء | (54) | | (2,295,000) |
| خام مال کی کل لاگت | | | 105,777,000 |

خام مال کی ضرورت کا تعین بعد کے سالوں میں یونٹ کی پیداواری صلاحیت کے مطابق کیا جائے گا۔ خام مال کی قیمت خرید میں سالانہ اضافے کی شرح 10 فیصد فرض کی گئی ہے۔ تاہم یہ صرف ایک مفروضہ ہے کیونکہ بیج کی بازاری قیمتوں میں حکومت کی قیمتوں کے تعین کی حکمت عملی اور موسمی اتار چڑھاؤ کی وجہ سے تبدیلی رونما ہوسکتی ہے۔

## 9.9۔ درکار افرادی قوت (HUMAN RESOURCE REQUIREMENT)

سیڈ پراسیسنگ یونٹ کے عمل کو با آسانی چلانے کے لئے درکار افرادی قوت بمعہ ملازمین کی تعداد اور ماہانہ تنخواہوں کے ساتھ مندرجہ ذیل ہے:

جدول نمبر 10: درکار افرادی قوت

| مندرجات | ملازمین کی تعداد | تنخواہ (ماہانہ) |
|---|---|---|
| مالک/ جنرل منیجر | 1 | 35,000 |
| بیج کے ریسرچر | 1 | 18,000 |
| فیلڈ اسسٹنٹ | 1 | 16,000 |
| پلانٹ آپریٹر | 1 | 16,000 |
| سیلز آفیسر | 2 | 18,000 |
| اکاؤنٹنٹ | 1 | 16,000 |
| سٹور کیپر | 1 | 12,000 |
| سکیورٹی گارڈ | 1 | 12,000 |
| آفس بوائے | 1 | 12,000 |
| ٹوٹل | 10 | |

یہ فرض کیا گیا ہے کہ اس یونٹ کے مالک کے پاس سیڈ پراسیسنگ کاروبار کا سابقہ تجربہ اور علم موجود ہے۔تمام ملازموں کی تنخواہوں میں اضافے کی شرح 10 فیصد سالانہ فرض کی گئی ہے۔

## 9.10۔ متفرق لاگتیں ( OTHER COSTS)

اس کاروباری منصوبے میں اہم ترین لاگت بجلی کی لاگت ہے اور اس کے لئے تھری فیز کمرشل بجلی کا کنکشن درکار ہے۔بجلی کے سالانہ اخراجات کا تخمینہ 460,298 روپے لگایا گیا ہے۔اس پراجیکٹ کے لئے بھرپور تشہیری سرگرمیوں کی ضرورت ہے۔تاہم کل آمدنی کا 0.5 فیصد تشہیری اخراجات پر خرچ کیا جائے گا۔اسی طرح منصوبے کے عمل کے پہلے سال میں مواصلات اور دفتری اخراجات کا اندازہ بالترتیب 90,000 روپے اور 9,000 روپے ہے۔مشینری اور آلات کے لئے مرمتی اخراجات 25 روپے فی پیداواری یونٹ فرض کئے گئے ہیں۔

## 9.11۔ آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار (REVENUE GENERATION)

تجویز کردہ سیڈ پراسیسنگ کے کاروبار میں متوقع آمدن اور لاگتوں کے پہلے سال میں مفروضات مندرجہ ذیل جدول میں دیئے گئے ہیں۔

**جدول نمبر 11: آمدن۔متوقع آمدن اور پیداوار ( پہلا سال )**

| مندرجات | پہلے سال کی پیداوار (ٹن میں) 60 @فیصد | قیمت فروخت فی یونٹ (روپے) | پہلے سال آمدنی (روپے) |
|---|---|---|---|
| گندم کے بیج | 1,728 | 40,000 | 69,120,000 |
| انوینٹری میں اشیاء | (72) | | (2,880,000) |
| چاول کے بیج | 1,296 | 55,000 | 71,280,000 |
| انوینٹری میں اشیاء | (54) | | (2,970,000) |
| آمدنی ( ضائع ہونے سے پہلے ) | | | 134,550,000 |
| ضائع شدہ 5 فیصد کے حساب سے | | | (6,727,500) |
| آمدنی ( ضائع ہونے سے پہلے ) | | | 127,822,500 |

## 10۔ لازمی قواعد وضوابط اور رجسٹریشن (MANDATORY REGULATIONS AND REGISTRATION)

Seed Act 1976 نے پاکستان میں بیج کے معیار کو کنٹرول کرنے کے لئے قوانین فراہم کئے ہیں۔اس ایکٹ اور Amended Seed Bill 2009 کے مطابق تمام اداروں، ڈیلر حضرات، کاشتکار اور پراسیسرز کے لئے Federal Seed Certification Agency(FSCA) اور نیشنل سیڈ رجسٹریشن کے ساتھ رجسٹریشن لازمی ہے ۔ تاہم سیڈ پراسیسنگ کاروبار کو شروع کرنے کے لئے کاروبار کے مالک کو منظور شدہ بیج فروخت کرنے کا اہل ہونے کے لئے Federal Seed Certification & Registration Department (FSCRD) کے ساتھ رجسٹرڈ ہونا پڑتا ہے۔یہ ادارہ وزارت قومی خوراک، نگہداشت وتحقیق (منسٹری آف فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ ) کی نگرانی میں کام کرتا ہے اور اس کے صوبائی دفاتر بھی ہیں۔ایف ایس سی آر ڈی کے اہم افعال مندرجہ ذیل ہیں:

☆......بیجوں کی سرٹیفکیشن

☆......کاشتکاروں کی رجسٹریشن

☆......کھیتوں میں فصلوں کا معائنہ کرنا

☆......بیجوں کی سیمپلنگ اور ٹیسٹنگ

☆......بیجوں کے معیار کو کنٹرول کرنا

☆......کوالٹی سرٹیفکیٹ جاری کرنا

## 11۔ماہرین ومشیران (CONTACT DETAILS OF EXPERTS & CONSULTANTS )

### 11.1۔مشینری سپلائرز

| سپلائر کا نام | پتہ | رابطہ نمبر/ای میل/ویب سائٹس |
|---|---|---|
| قلندر کارپوریشن | رحیم یار خان | Ph: +92-301-3948869<br>0300-6708301 |
| الحمراء انڈسٹریز | الحمراء مکینیکل ورکس، بہاولنگر روڈ قبولہ شریف | ph: +92-457-851110 |
| ایس ٹی ایسوسی ایٹ | آفس نمبر 10 سیکنڈ فلور، مجاہد پلازہ، بلیو ایریا اسلام آباد | Ph: +92-51-280 3154<br>0321- 5155764 |

### 11.2۔ خام مال سپلائرز

| سپلائر کا نام | پتہ | رابطہ نمبر | /ای میل/ویب سائٹس |
|---|---|---|---|
| پنجاب سیڈ کارپوریشن | 4 لٹن روڈ لاہور | Ph: +92-42-992 12557 | www.psc.punjab.gov.pk |
| سندھ سیڈ کارپوریشن | | | www.sindhagri.gov.pk |

## 12۔ کارآمد روابط(USEFUL LINKS)

| | |
|---|---|
| سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) | www.smeda.org.pk |
| گورنمنٹ آف پاکستان | www.pakistan.gov.pk |
| منسٹری آف انڈسٹریز اینڈ پروڈکشن | www.moip.com.pk |
| منسٹری آف ایجوکیشن، ٹریننگ اینڈ سٹینڈرڈز ان ہائر ایجوکیشن | http://moptt.gov.pk |
| گورنمنٹ آف پنجاب | www.punjab.gov.pk |
| گورنمنٹ آف سندھ | www.sindh.gov.pk |
| گورنمنٹ آف خیبر پختونخوا | www.khyberpakhtunkhwa.gov.pk |

| | |
|---|---|
| www.balochistan.gov.pk | گورنمنٹ آف بلوچستان |
| www.gilgitbaltistan.gov.pk | گورنمنٹ آف گلگت بلتستان |
| wwwlajk.gov.pk | گورنمنٹ آف آزاد جموں اینڈ کشمیر |
| www.tdap.gov.pk | ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) |
| www.secp.gov.pk | سیکیورٹی کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) |
| www.fpcci.com.pk | فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اور انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) |
| www.sbp.org.pk | سٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) |
| www.psic.gop.pk | پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن |
| www.ssic.gos.pk | سندھ سمال انڈسٹریز کارپوریشن |
| G 9/4, Mauve Area, Islamabad<br>Ph: +92-51-9260126 | فیڈرل سیڈ سرٹیفیکیشن اینڈ رجسٹریشن ڈیپارٹمنٹ، اسلام آباد |
| 3rd Floor, Evacuee Trust Complex, Islamabad<br>Ph: +92-51-9215233 | ایگریکلچر پالیسی انسٹیٹیوٹ، اسلام آباد |
| www.mnsfr.gov.pk | منسٹری آف نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ (ایم این ایف ایس آر) |
| www.parc.gov.pk | پاکستان ایگریکلچر ریسرچ کونسل (پی اے آر سی) |
| www.narc.gov.pk | نیشنل ایگریکلچر ریسرچ کونسل (این اے آر سی) |
| www.uaf.edu.pk | ایگریکلچر یونیورسٹی آف فیصل آباد (یو اے ایف) |
| www.punjabagri.gov.pk | ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف پنجاب |
| www.sindhagri.gov.pk | ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف سندھ |
| www.khyberpakhtunkhwa.gov.pk | ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف کے پی کے |

# 13۔ ضمیمہ جات (ANNEXURES)

## 13.1۔آمدن کا گوشوارہ (INCOME STATEMENT)

**Calculations** — **SMEDA**

**Income Statement**

| | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Revenue | 127,822,500 | 158,435,063 | 187,727,719 | 221,294,556 | 259,697,483 | 303,568,050 | 353,615,755 | 410,637,321 | 452,693,803 | 497,963,183 |
| *Cost of sales* | | | | | | | | | | |
| Raw Material Cost | 105,777,000 | 131,109,825 | 155,350,388 | 183,127,964 | 214,907,552 | 251,211,779 | 292,627,775 | 339,814,852 | 374,617,868 | 412,079,654 |
| Processing Cost | 7,245,000 | 8,980,125 | 10,640,438 | 12,543,011 | 14,719,695 | 17,206,286 | 20,042,998 | 23,274,990 | 25,658,758 | 28,224,634 |
| Operation costs 1 (direct labor) | 1,127,000 | 1,289,454 | 1,418,725 | 1,560,908 | 1,717,298 | 1,889,318 | 2,078,533 | 2,286,666 | 2,520,860 | 2,772,946 |
| Operating costs 2 (machinery maintenance) | 72,450 | 89,801 | 106,404 | 125,430 | 147,197 | 172,063 | 200,430 | 232,750 | 256,588 | 282,246 |
| Operating costs 3 (direct electricity) | 353,798 | 438,529 | 519,608 | 612,517 | 718,812 | 840,240 | 978,766 | 1,136,595 | 1,253,003 | 1,378,303 |
| Total cost of sales | 114,575,248 | 141,907,735 | 168,035,562 | 197,969,831 | 232,210,554 | 271,319,686 | 315,928,502 | 366,745,853 | 404,307,076 | 444,737,784 |
| Gross Profit | 13,247,253 | 16,527,328 | 19,692,156 | 23,324,725 | 27,486,928 | 32,248,364 | 37,687,253 | 43,891,468 | 48,386,726 | 53,225,399 |
| *General administration & selling expenses* | | | | | | | | | | |
| Administration expense | 900,000 | 990,000 | 1,089,000 | 1,197,900 | 1,317,690 | 1,449,459 | 1,594,405 | 1,753,845 | 1,929,230 | 2,122,153 |
| Administration benefits expense | 90,000 | 99,000 | 108,900 | 119,790 | 131,769 | 144,946 | 159,440 | 175,385 | 192,923 | 212,215 |
| Electricity expense | 106,500 | 117,150 | 128,865 | 141,752 | 155,927 | 171,519 | 188,671 | 207,538 | 228,292 | 251,121 |
| Travelling expense | 319,556 | 396,088 | 469,319 | 553,236 | 649,244 | 758,920 | 884,039 | 1,026,593 | 1,131,735 | 1,244,908 |
| Communications expense (phone, fax, mail, internet, etc.) | 90,000 | 99,000 | 108,900 | 119,790 | 131,769 | 144,946 | 159,440 | 175,385 | 192,923 | 212,215 |
| Office vehicles running expense | 1,278,225 | 1,406,048 | 1,546,652 | 1,701,317 | 1,871,449 | 3,035,680 | 3,339,249 | 3,673,173 | 4,040,491 | 4,444,540 |
| Office expenses (stationary, entertainment, janitorial services, etc | 9,000 | 9,900 | 10,890 | 11,979 | 13,177 | 14,495 | 15,944 | 17,538 | 19,292 | 21,222 |
| Promotional expense | 639,113 | 792,175 | 938,639 | 1,106,473 | 1,298,487 | 1,517,840 | 1,768,079 | 2,053,187 | 2,263,469 | 2,489,816 |
| Professional fees (legal, audit, consultants, etc.) | 319,556 | 396,088 | 469,319 | 553,236 | 649,244 | 758,920 | 884,039 | 1,026,593 | 1,131,735 | 1,244,908 |
| Depreciation expense | 968,310 | 968,310 | 968,310 | 968,310 | 968,310 | 1,072,469 | 1,072,469 | 1,072,469 | 1,072,469 | 1,072,469 |
| Amortization of pre-operating costs | 85,753 | 85,753 | 85,753 | 85,753 | 85,753 | - | - | - | - | - |
| Amortization of legal, licensing, and training costs | 10,000 | 10,000 | 10,000 | 10,000 | 10,000 | - | - | - | - | - |
| Bad debt expense | 319,556 | 396,088 | 469,319 | 553,236 | 649,244 | 758,920 | 884,039 | 1,026,593 | 1,131,735 | 1,244,908 |
| Subtotal | 5,135,569 | 5,765,599 | 6,403,867 | 7,122,773 | 7,932,062 | 9,828,115 | 10,949,816 | 12,208,300 | 13,334,293 | 14,560,475 |
| Operating Income | 8,111,683 | 10,761,729 | 13,288,290 | 16,201,952 | 19,554,866 | 22,420,249 | 26,737,437 | 31,683,168 | 35,052,434 | 38,664,924 |
| Gain / (loss) on sale of office equipment | - | - | - | - | 25,800 | - | - | - | - | |
| Gain / (loss) on sale of office vehicles | - | - | - | - | 315,420 | - | - | - | | |
| Earnings Before Interest & Taxes | 8,111,683 | 10,761,729 | 13,288,290 | 16,201,952 | 19,896,086 | 22,420,249 | 26,737,437 | 31,683,168 | 35,052,434 | 38,664,924 |
| Interest on short term debt | 193,080 | 193,080 | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Interest expense on long term debt (Project Loan) | 1,258,305 | 1,075,336 | 863,091 | 616,888 | 331,292 | - | - | - | - | - |
| Interest expense on long term debt (Working Capital Loan) | 410,354 | 343,419 | 264,952 | 172,967 | 65,137 | - | - | - | - | - |
| Subtotal | 1,861,739 | 1,611,834 | 1,128,043 | 789,855 | 396,428 | - | - | - | - | - |
| Earnings Before Tax | 6,249,944 | 9,149,895 | 12,160,246 | 15,412,097 | 19,499,658 | 22,420,249 | 26,737,437 | 31,683,168 | 35,052,434 | 38,664,924 |
| Tax | 1,409,980 | 2,424,962 | 3,478,586 | 4,616,733 | 6,047,379 | 7,069,586 | 8,580,602 | 10,311,608 | 11,490,851 | 12,755,223 |
| **NET PROFIT/(LOSS) AFTER TAX** | **4,839,964** | **6,724,932** | **8,681,661** | **10,795,364** | **13,452,278** | **15,350,662** | **18,156,835** | **21,371,560** | **23,561,583** | **25,909,701** |

## ۔13.2 اثاثوں اورواجبات کا گوشوارہ (BALANCE SHEET)

**Calculations** — **SMEDA**

**Balance Sheet**

| | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Assets** | | | | | | | | | | | |
| *Current assets* | | | | | | | | | | | |
| Cash & Bank | 763,115 | - | 1,994,275 | 5,964,802 | 11,122,698 | 16,189,791 | 26,135,909 | 37,404,209 | 51,716,458 | 66,910,659 | 131,640,395 |
| Accounts receivable | | 10,505,959 | 11,764,009 | 14,225,868 | 16,809,135 | 19,766,796 | 23,147,899 | 27,007,554 | 31,407,661 | 35,479,361 | 39,068,095 |
| Finished goods inventory | | 4,981,533 | 5,931,835 | 7,022,382 | 8,271,720 | 9,700,702 | 11,332,763 | 13,194,230 | 15,314,662 | 16,846,128 | 18,530,741 |
| Equipment spare part inventory | 3,019 | 4,116 | 5,365 | 6,956 | 8,980 | 11,546 | 14,795 | 18,898 | 22,917 | 27,730 | - |
| Raw material inventory | 4,709,250 | 6,420,789 | 8,368,704 | 10,851,586 | 14,008,219 | 18,012,082 | 23,079,806 | 29,481,641 | 35,751,187 | 43,258,937 | - |
| Total Current Assets | 5,475,384 | 21,912,397 | 28,064,187 | 38,071,593 | 50,220,751 | 63,680,918 | 83,711,172 | 107,106,532 | 134,212,886 | 162,522,816 | 189,239,231 |
| *Fixed assets* | | | | | | | | | | | |
| Land | 2,000,000 | 2,000,000 | 2,000,000 | 2,000,000 | 2,000,000 | 2,000,000 | 2,000,000 | 2,000,000 | 2,000,000 | 2,000,000 | 2,000,000 |
| Building/Infrastructure | 8,840,000 | 8,398,000 | 7,956,000 | 7,514,000 | 7,072,000 | 6,630,000 | 6,188,000 | 5,746,000 | 5,304,000 | 4,862,000 | 4,420,000 |
| Machinery & equipment | 3,425,000 | 3,082,500 | 2,740,000 | 2,397,500 | 2,055,000 | 1,712,500 | 1,370,000 | 1,027,500 | 685,000 | 342,500 | - |
| Furniture & fixtures | 132,000 | 118,800 | 105,600 | 92,400 | 79,200 | 66,000 | 52,800 | 39,600 | 26,400 | 13,200 | - |
| Office vehicles | 788,550 | 630,840 | 473,130 | 315,420 | 157,710 | 1,269,968 | 1,015,974 | 761,981 | 507,987 | 253,994 | - |
| Office equipment | 64,500 | 51,600 | 38,700 | 25,800 | 12,900 | 103,878 | 83,102 | 62,327 | 41,551 | 20,776 | - |
| Total Fixed Assets | 15,250,050 | 14,281,740 | 13,313,430 | 12,345,120 | 11,376,810 | 11,782,345 | 10,709,876 | 9,637,407 | 8,564,938 | 7,492,469 | 6,420,000 |
| *Intangible assets* | | | | | | | | | | | |
| Pre-operation costs | 428,765 | 343,012 | 257,259 | 171,506 | 85,753 | - | - | - | - | - | - |
| Legal, licensing, & training costs | 50,000 | 40,000 | 30,000 | 20,000 | 10,000 | - | - | - | - | - | - |
| Total Intangible Assets | 478,765 | 383,012 | 287,259 | 191,506 | 95,753 | - | - | - | - | - | - |
| **TOTAL ASSETS** | **21,204,199** | **36,577,149** | **41,664,876** | **50,608,219** | **61,693,314** | **75,463,263** | **94,421,048** | **116,743,939** | **142,777,824** | **170,015,284** | **195,659,231** |
| **Liabilities & Shareholders' Equity** | | | | | | | | | | | |
| *Current liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Accounts payable | | 9,823,509 | 12,209,903 | 14,544,310 | 17,244,954 | 20,366,965 | 23,974,087 | 28,140,143 | 32,802,468 | 36,478,346 | 36,212,592 |
| Short term debt | - | 2,241,585 | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Other liabilities | | | | | | | | | | | |
| Total Current Liabilities | - | 12,065,094 | 12,209,903 | 14,544,310 | 17,244,954 | 20,366,965 | 23,974,087 | 28,140,143 | 32,802,468 | 36,478,346 | 36,212,592 |
| *Other liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Long term debt (Project Loan) | 7,864,408 | 6,720,849 | 5,394,321 | 3,855,548 | 2,070,572 | - | - | - | - | - | - |
| Long term debt (Working Capital Loan) | 2,737,692 | 2,349,142 | 1,893,657 | 1,359,704 | 733,767 | - | - | - | - | - | - |
| Total Long Term Liabilities | 10,602,099 | 9,069,991 | 7,287,978 | 5,215,253 | 2,804,340 | - | - | - | - | - | - |
| *Shareholders' equity* | | | | | | | | | | | |
| Paid-up capital | 10,602,099 | 10,602,099 | 10,602,099 | 10,602,099 | 10,602,099 | 10,602,099 | 10,602,099 | 10,602,099 | 10,602,099 | 10,602,099 | 10,602,099 |
| Retained earnings | | 4,839,964 | 11,564,896 | 20,246,557 | 31,041,921 | 44,494,199 | 59,844,862 | 78,001,696 | 99,373,256 | 122,934,839 | 148,844,540 |
| Total Equity | 10,602,099 | 15,442,064 | 22,166,996 | 30,848,657 | 41,644,020 | 55,096,299 | 70,446,961 | 88,603,796 | 109,975,356 | 133,536,938 | 159,446,639 |
| **TOTAL CAPITAL AND LIABILITIES** | **21,204,199** | **36,577,149** | **41,664,876** | **50,608,219** | **61,693,314** | **75,463,263** | **94,421,048** | **116,743,939** | **142,777,824** | **170,015,284** | **195,659,231** |

## 13.3۔گردشِ نقد کا گوشوارہ (CASH FLOW STATEMENT)

**Calculations** — **SMEDA**

**Cash Flow Statement**

| | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| *Operating activities* | | | | | | | | | | | |
| Net profit | | 4,839,964 | 6,724,932 | 8,681,661 | 10,795,364 | 13,452,278 | 15,350,662 | 18,156,835 | 21,371,560 | 23,561,583 | 25,909,701 |
| Add: depreciation expense | | 968,310 | 968,310 | 968,310 | 968,310 | 968,310 | 1,072,469 | 1,072,469 | 1,072,469 | 1,072,469 | 1,072,469 |
| amortization of pre-operating costs | | 85,753 | 85,753 | 85,753 | 85,753 | 85,753 | - | - | - | - | - |
| amortization of training costs | | 10,000 | 10,000 | 10,000 | 10,000 | 10,000 | - | - | - | - | - |
| Accounts receivable | | (10,505,959) | (1,258,051) | (2,461,858) | (2,583,267) | (2,957,662) | (3,381,102) | (3,859,655) | (4,400,107) | (4,071,701) | (3,588,734) |
| Finished goods inventory | | (4,981,533) | (950,302) | (1,090,547) | (1,249,338) | (1,428,982) | (1,632,061) | (1,861,467) | (2,120,432) | (1,531,466) | (1,684,613) |
| Equipment inventory | (3,019) | (1,097) | (1,249) | (1,592) | (2,023) | (2,567) | (3,249) | (4,104) | (4,019) | (4,813) | 27,730 |
| Raw material inventory | (4,709,250) | (1,711,539) | (1,947,915) | (2,482,882) | (3,156,633) | (4,003,864) | (5,067,724) | (6,401,835) | (6,269,546) | (7,507,749) | 43,258,937 |
| Accounts payable | | 9,823,509 | 2,386,394 | 2,334,407 | 2,700,644 | 3,122,011 | 3,607,122 | 4,166,056 | 4,662,325 | 3,675,878 | (265,754) |
| Cash provided by operations | (4,712,269) | (1,472,592) | 6,017,874 | 6,043,252 | 7,568,809 | 9,245,279 | 9,946,118 | 11,268,300 | 14,312,250 | 15,194,201 | 64,729,736 |
| | | | | | | | | | | | |
| *Financing activities* | | | | | | | | | | | |
| Project Loan - principal repayment | | (1,143,559) | (1,326,528) | (1,538,773) | (1,784,976) | (2,070,572) | - | - | - | - | - |
| Working Capital Loan - principal repayment | | (388,550) | (455,486) | (533,952) | (625,937) | (733,767) | - | - | - | - | - |
| Short term debt principal repayment | | - | (2,241,585) | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Additions to Project Loan | 7,864,408 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Additions to Working Capital Loan | 2,737,692 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Issuance of shares | 10,602,099 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Purchase of (treasury) shares | | | | | | | | | | | |
| Cash provided by / (used for) financing activities | 21,204,199 | (1,532,108) | (4,023,599) | (2,072,725) | (2,410,913) | (2,804,340) | - | - | - | - | - |
| | | | | | | | | | | | |
| *Investing activities* | | | | | | | | | | | |
| Capital expenditure | (15,728,815) | - | - | - | - | (1,373,846) | - | - | - | - | - |
| Acquisitions | | | | | | | | | | | |
| Cash (used for) / provided by investing activities | (15,728,815) | - | - | - | - | (1,373,846) | - | - | - | - | - |
| | | | | | | | | | | | |
| **NET CASH** | **763,115** | **(3,004,700)** | **1,994,275** | **3,970,527** | **5,157,896** | **5,067,093** | **9,946,118** | **11,268,300** | **14,312,250** | **15,194,201** | **64,729,736** |

## 14۔ کلیدی مفروضے (Key Assumptions)

### 14.1۔ روزمرہ کے اخراجات کا مفروضہ

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| انتظامی اخراجات | 10 فیصد |
| سفری اخراجات | آمدن کا 0.25 فیصد |
| کمیونیکیشن کے اخراجات | انتظامی اخراجات کا 10 فیصد |
| دفتری اخراجات (سٹیشنری، انٹرٹیمنٹ وغیرہ) | انتظامی اخراجات کا 1 فیصد |
| دفتری گاڑیوں کے اخراجات | آمدن کا 1 فیصد |
| تشہیری اخراجات | آمدن کا 0.5 فیصد |
| پروفیشنل فیس | آمدن کا 0.25 فیصد |
| شرح فرسودگی | فرنیچر اور فکسچرز پر 10 فیصد<br>آلات کا پر 20 فیصد |
| آپریٹنگ لاگت میں اضافے کی شرح | 10 فیصد |

### 14.2۔ پیداواری مفروضات

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| بنیادی بیج کی قیمت فی ٹن | 36,500 |
| گندم کی قیمت فی ٹن | 32,000 |
| چاول کی قیمت فی ٹن | 42,500 |
| ضائع شدہ بیج | 5 فیصد |
| پراسیسنگ کا خرچہ (فی ٹن) | 2,500 |
| پلانٹ کا خرچہ | 500 |
| بجلی کا خرچہ | 375 |
| جوٹ بیگ کی قیمت | 625 |
| پیکنگ کیلئے تھیلوں کا خرچہ | 800 |
| لوڈ کروائی اور اتروائی کا خرچہ | 200 |
| آپریٹنگ لاگت میں اضافے کی شرح | 10 فیصد |

## 14.3 ۔ آمدنی کے مفروضات

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| قیمت فروخت میں اضافہ | 10 فیصد |
| ورکنگ ڈے (سالانہ) | 300 |
| ورکنگ ڈے پلانٹ کیلئے (سالانہ) | 210 |
| گندم کے بیج کی دستیابی (پراسیسنگ کیلئے سالانہ) | 120 دن |
| چاول کے بیج کی دستیابی (پراسیسنگ کیلئے سالانہ) | 90 دن |
| پیداواری گنجائش فی دن | 24 ٹن (3 ٹن فی گھنٹہ) |
| پیداواری گنجائش (پہلے سال) | 60 فیصد |
| پیداواری گنجائش میں اضافہ (ہر سال بحساب فیصد) | 5 فیصد |
| زیادہ سے زیادہ پیداواری گنجائش | 95 فیصد |

## 14.4۔ مالیاتی مفروضات

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| قرضہ | 50 فیصد |
| ذاتی سرمایہ | 50 فیصد |
| قرضہ پر شرح سود | 16 فیصد |
| قرضہ کی مدت واپسی | 5 سال |
| قرضہ کی ادائیگی کی قسط | 12 اقساط |